پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، A-21، کشمیر بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون نمبر: 042-99260209, 99260270, 99260272, 99260265 ویب سائٹ: www.pbte.edu.pk
ای میل: coe.pbte@yahoo.com, techpbte2@gmail.com
SAY NO TO CORRUPTION

مراسلہ نمبر:- پی بی ٹی ای/ٹیکنیکل/2026/8228 مورخہ: 11-11-2026

نوٹیفکیشن

اطلاعاً تحریر ہے کہ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور کے زیر اہتمام ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر، ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر سائنو پاک (ڈیول ڈپلومہ) اور ڈپلومہ اِن ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ اور برج کورسز برائے لیول-3 ڈپلومہ آف سٹی اینڈ گلڈز دوسرا سالانہ امتحان 2026 کے پریکٹیکل امتحانات کا انعقاد اور ایوارڈ لسٹوں کی وصولی درج ذیل شیڈول کے مطابق ہوگی۔ نیز پریکٹیکل امتحان برائے سال اول کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا۔ تمام اُمور سے متعلقہ ذیل میں دی گئی ہدایات پر عمل درآمد نہایت ضروری ہے۔

شیڈول برائے پریکٹیکل امتحانات سال دوئم، سوئم و سال چہارم		
1	آغاز پریکٹیکل امتحانات سال دوئم، سوئم اور چہارم	18-11-2026
3	سال اول، دوئم، سوئم اور چہارم کے سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری کی آخری تاریخ	11-12-2026
4	پریکٹیکل / سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں بمعہ اُمیدواران کی حاضری دفتر بورڈ میں وصول کروانے کی آخری تاریخ۔	16-12-2026
نوٹ:	جن ادارہ جات کے پریکٹیکل امتحانات قبل از وقت مکمل ہو جائیں وہ پریکٹیکل امتحانات مکمل ہونے کے چار ایام کے اندر اندر ایوارڈ لسٹیں تیار کر کے بمعہ اُمیدواران کی حاضری چیف سیکریسی آفیسر کے دفتر کو ارسال کر دیں۔	

اہم ہدایات	
1	سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کا انعقاد دفتر بورڈ کی طرف سے جاری شدہ ڈیٹ شیٹ کے مطابق ہوگا۔
2	سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کے سلسلہ میں ایکسٹرنل ممتحن حضرات کی تعیناتی دفتر بورڈ کرے گا۔
3	سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل امتحانات کیلئے سوالیہ پرچہ جات ایکسٹرنل ممتحن حضرات مرتب کریں گے اور سوالیہ پرچہ جات کی ایک عدد کاپی بوساطت پرنسپل زیر دستخطی کو بھی ارسال کریں گے۔
4	ایکسٹرنل ممتحن حضرات امیدواران کے پریکٹیکل مارکس لگاتے ہوئے اس امر کا خاص خیال رکھیں کہ متعلقہ مضمون کے ٹوٹل مارکس کتنے ہیں اور پاس مارکس کتنے ہیں۔ غلطی سے پاس مارکس کو ٹوٹل مارکس سمجھ کر مارکس لگائے گئے تو امیدواران کی اکثریت پاس کی بجائے فیل ہو جائے گی۔ پرنسپل حضرات سے التماس ہے کہ ایکسٹرنل ممتحن حضرات کے لگائے گئے مارکس کی پڑتال کر کے کاونٹر دستخط کریں۔
5	تمام متعلقہ پرنسپل صاحبان کی اطلاع کیلئے تحریر ہے کہ سال دوئم، سوئم اور چہارم کے پریکٹیکل مارکس کی آن لائن انٹری نہیں ہوگی بلکہ ایوارڈ لسٹیں مینول طور پر تیار کر کے بمعہ اُمیدواران کی حاضری دفتر بورڈ میں درج بالا تواریخ کے مطابق وصول کروائی جائیں گی۔ بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری آپکے ادارہ پر عائد ہوگی۔
6	سال اول، دوئم، سوئم اور چہارم کے سیشنل مارکس کی آن لائن انٹری درج بالا شیڈول کے مطابق ہوگی اور سیشنل مارکس کی ایوارڈ لسٹیں درج بالا شیڈول کے مطابق دفتر بورڈ میں وصول کروائی جائیں گی بصورت دیگر تمام تر ذمہ داری آپکے ادارہ پر ہوگی۔

کنٹرولر امتحانات

کاپی برائے اطلاع:-

1. پی ایس ٹو سیکرٹری، سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، لاہور۔
2. ایس اے ٹو چیئرپرسن، پی ایس ٹو چیف آپریٹنگ آفیسر، زونل ڈائریکٹر (سینٹرل، ساؤتھ اور نارتھ)، تمام ڈپٹی زونل ڈائریکٹرز اور تمام ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز لیہ تا۔
3. پی ایس ٹو چیئرپرسن، پی اے ٹو سیکرٹری، پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (سیکریسی / کنڈکٹ)، چیف سیکریسی آفیسر، پبلک ریلیشنز آفیسر، ویب ایڈمنسٹریٹر اور تمام متعلقہ سیکشن آفیسرز بورڈ ہذا۔
4. سربراہان تمام الحاق شدہ (گورنمنٹ و پرائیویٹ) ادارہ جات۔